109195-اگر بیوی مسلمان نہ ہو تو کیا خاوند علیحدہ ہو جائے

سوال

اگر ایک شخص اسلام قبول کرلے اور اس کی بیوی اسلام قبول نہ کرے تو کیا وہ بیوی سے علیحدہ ہو جائے ؟

پسندیدہ جواب

اس میں دیکھا جائیگا کہ : اگر بیوی یہودیہ یا نصرانیہ ہے تو پھر اس سے علیحدہ ہونا لازم نہیں، کیونکہ مسلمان مرد کے لیے یہودیہ یا نصرانیہ عورت سے ابتداءً ہی شادی کرنا جائز ہے، اور اسی طرح بعد میں بھی.

لیکن اگر بیوی یہودی یا عیسائی نہیں، تو جب خاوند مسلمان ہو جائے تو یہ نکاح فسخ ہو جائیگا، کیونکہ وہ مرد اس کے لیے حلال نہیں رہا، اور نہ ہی وہ عورت اس کے لیے حلال رہی ہے، لیکن اسے عدت گزرنے تک کی مہلت دی جائیگی، اگر تو وہ عدت کے دوران مسلمان ہو گئی تو وہ اس کی بیوی ہے، اور اگر اسلام قبول نہیں کرتی اور عدت گزر گئی تو جب سے خاوند مسلمان ہوا ہے اس کا نکاح فسخ ہو گا" انتہی

فضیلۃ الشیخ ابن عثیمین رحمہ اللہ.